पायल की झंकार

پائل کی جھنکار

اداکاران

کشور کمار۔ راج نندنی
دُصیل۔ رحمان

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا نمبر ۱ — گانے پائل کی جھنکار فلم کے لئے

مکھڑے پہ گیسو آ گئے - آدھے اِدھر آدھے اُدھر
چپلا یہ بادل چھا گئے - آدھے اِدھر آدھے اُدھر
آج ہم نے روپ دیکھا چاندنی کے بھیس میں
ایک پردیسی بیچارا لٹ گیا پردیس میں
دل کے دشمن آ گئے
آدھے اِدھر آدھے اُدھر
تجھ کو مالک نے بنایا خاص اپنے ہاتھ سے
صبح سے مکھڑا بنایا اور زلفیں رات سے
پھول کھل کر آ گئے
آدھے اِدھر آدھے اُدھر
لے گئی دل لے گئی تیری نظر کی شوخیاں
آ میری آنکھوں میں پڑھ لے آرزو کی داستان
دل کے ارمان آ گئے
آدھے اِدھر آدھے اُدھر
مکھڑے پہ گیسو آ گئے آدھے اِدھر

گانا نمبر ۲ — ابا کہے نا - اماں کہے نا - دادا کہے نا
دیکھو وہ سمجھے نا میرے ارمان

ہم تو ہیں جواں ہم تو ہیں جواں اور میری جان
سوچو ذرا یہ تو ہیں دن ہمارے
اب روکے گا کون آنکھوں کے اشارے
ہنسنے کے یہ دن مچلنے کے یہ دن
ابا اماں پلیز پلیز
کہہ دو ذرا ہاں

بھول جاؤ تم وہ اپنا زمانا
برا تھا بہت جب یہ دل کا لگانا
کہنا معاف جو ہم کہیں صاف صاف
بدل جاؤ تم بھی کہ بدلا یہ جہاں
گانا نمبر ۳:۔ آج اندھیرے کو مٹانا ہوگا
اک نیا دیپ جلانا ہوگا
آج مجھے بھولی یادوں کو
اپنی پائل سے جگانا ہوگا
اے میرے سوئے ہوئے پیار ذرا ہوش میں آ
ہو چکی نیند بہت
جاگ ذرا ہوش میں آ
یہ اداسی تو نہ تھی تیری آنکھوں میں کبھی
گیت گانے کے ہیں دن کیوں تجھے چپ سی لگی
اپنے ہونٹوں پہ ذرا
پیار کے گیتوں کو بھی لا

کیا ہوئی تیری ہنسی کیا ہوئی تیری ادا
تیری محفل کا سماں کبھی ایسا تو نہ تھا
پھر وہی دھوم مچا
پھر وہی انداز دکھا
واسطہ پیار کا دوں دیکھ لے اک نظر
یا مجھے اتنا بتا میری منزل ہے کدھر
تیری دنیا ہے جہاں میری دنیا بھی وہاں
چھوڑ کر در یہ تیرا اور جاؤں میں کہاں
یا تو خود ہوش میں آ
یا مجھے بے ہوش بنا

گانا نمبر ۸:- تو آئے نہ آئے مگر جانِ جاں
تیری یادیں آ کر رلایا کریں گی
جو دیکھیں گی روتا ہے کوئی اکیلا
تو خود بھی وہ آنسو بہایا کریں گی
جدھر سے گیا تو وہ راہیں ہمیشہ
ترستی رہیں گی تیری واپسی کو
ادھر سے ہوا بھی جو آیا کرے گی
تیرا نام لے کر ستایا کرے گی
جو راتوں کو تارے یہ پوچھیں گے مجھ سے
بتا تو بھی کیوں
رات بھر جاگتی ہے

کہوں گی میری نیند بس میں نہیں ہے
یہ برہن بہانے بنایا کرے گی
جہاں میری آنکھوں کا پانی گرے گا
تیری یاد کے پھول کھلتے رہیں گے
سویرے سویرے جو آئے گی شبنم
تو دل تھام کر لوٹ جایا کرے گی

گانا نمبر ۵:- میں تو پہلی گھٹا برسات کی
پیا سے راجا کی پیاس بجھائے دوں گی
میں تو چندنیا پونم کی رات
کہ سیّاں نیندیا کی مدرا پلائے دوں گی
میرے دامن کی ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار ہے۔ میرے دم سے چمن کی بہار ہے
میرے لہرا کے چلنے کی دیر ہے
ساری دنیا کو جل تھل بنائے دوں گی
میں مہینے میں اک بار آؤں۔ آ کر راجا کا پیغام لے دوں
وہ محل ہو یا جوگن کی کٹیا
میں تو سب کے اندھیرے مٹائے دوں گی
تو کہے تو برس کے دکھا دوں
تیری مستی کو پل میں مٹا دوں
جو مٹا کر بنائے تو جانوں۔ ڈوبتے کو بچائے تو جانوں
تو گھٹا ہے گھٹاتی رہے گی۔ میں تو جگ کے اجالے اڑائے دوں گی

تمام شد

اصلی اندرجال عرف استاد جادوگراں

اس کتاب میں محبت کے لئے عمل محبوب بیزار ہو حاکم مہربان ہو دفینہ ہاتھ آئے بچہ ہر آفت سے بچا رہے۔ دماغ روشن ہو۔ گمشدہ کی تلاش پردیس گئے ہوئے کو واپس بلانا۔ کاروبار میں ترقی ہو عزت ہو۔ دشمن خراب ہو۔ دولت مل جائے طلسمی انگوٹھی تعویذ بنانا۔ آگ سے پیر نہ جلے۔

قیمت صرف چار روپے معہ ڈاک خرچ

فن جادو مسمریزم

مسمریزم یا ہپناٹزم قابلیت کی ایک عجیب و غریب کتاب ہے۔ اس کے ذریعہ آپ زمین میں گڑھی ہوئی دولت اور چوری گئی ہوئی چیز کا پتہ لگا سکتے ہیں اس علم کے ذریعہ مقدمہ کا نتیجہ معلوم کر سکتے ہیں۔ غرضیکہ یہ کتاب آپکی ہر مشکل میں کام آسکتی ہے۔

قیمت صرف ۱/- روپیہ معہ ڈاک خرچ

کالا جادو عرف قانون محبت

کہاں ہیں وہ مریض عشاق جو دلدار یار کی ایک جھلک دیکھنے کی خاطر اپنا سب کچھ لٹا دیتے ہیں۔ آئیں اور اس کتاب کے ذریعہ نہایت آسانی سے اپنی مراد حاصل کریں۔

قیمت صرف چار روپے معہ ڈاک خرچ

فلم میں بھرتی ہونے سے بہتر ہے کہ آپ ایک ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے۔ ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱-۱ روپیہ علاوہ ڈاک خرچ

روشنائی سازی سیاہیاں بنانا

ہر طرح کی فاؤنٹین پن میں کام آنے والی ہر طرح کی سیاہی کے بنانے کا ڈھنگ پوری طرح سے سمجھایا گیا ہے سیاہی کا کاروبار شروع کر کے روپیہ کمائیں

قیمت صرف ۸/ آنہ علاوہ ڈاک خرچ

بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا

بغیر بجلی کے چلنے والا ریڈیو بہت کم لاگت سے گھر بیٹھے بنانا سیکھئے۔ قیمت صرف ۱/- روپیہ علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دہلی